© rasailojaraid.com

واعتصموا بحبل الله جميعا ولا تفرقوا کا پیغام عام کرو۔

ظلم وستم کی بجائے اذا قلتم فاعدلوا ۔ولو کان ذا قربی کا نقشہ پیش کرو۔

فحاشی عریانی کی بجائے ان الذین یحبون ان تشیع الفاحشة فی الذین امنوا لهم عذاب الیم فی الدنیا والآخرة کا پیغام ذرائع ابلاغ سے نشر کرو۔ لا تنقصوا المکیال والمیزان کی عملی تصویر ہو۔ زنا کے اڈے کھولنے کی بجائے قل للمومنات یغضضن من ابصارهن کا سبق یاد رکو۔ اور قیام پاکستان کا مقصد یہ ہے کہ اور تمہاری آزادی کا تقاضا یہ ہے کہ فاتح مکہ کی سنت پہ عمل کرتے ہوئے ایک اللہ کے علاوہ پوری کائنات کے زندہ اور مردہ معبودوں کے ٹکڑے کرنے کا عزم کرو۔

بزدلی کی بجائے واعدوا لهم ما استطعتم من قوة پر عمل کرو۔ پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کیلئے مدارس کو کچلنے کی بجائے وسیع پیمانے پر اس کی تعلیمات کے حصول کا انتظام کرو۔ سود کی حلت کے کیس لڑنے کی بجائے فاذنوا بحرب من الله ورسوله کی دھمکی سے پناہ مانگو۔ اسلامی ثقافت کو اپناؤ۔ اسلام کے اقتصادی نظام نافذ کرو اسلامی شعائر کی پاسداری کرو۔ اور اسلام کی مخالفت کی بجائے من لم یحکم بما انزل الله فاولئک هم الکافرون کی وعید سے ڈرو۔ اور تمہاری آزادی کا تقاضا یہ ہے کہ لیظهره علی الدین کله کہ علم اپنے ہاتھوں میں تھام کر پوری دنیا میں پھیل کر لنخرج العباد من عبادة العباد الی عبادة ربهم کے سنہری اصول کیلئے اپنی زندگیوں کو وقف کرو۔

قیام پاکستان کا مقصد یہ ہے کہ پاکستان کا ہر باشندہ ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی لله رب العالمین۔ کی عملی تصویر پیش کرے۔

آج اگر پاکستان کو باقی رکھنا چاہتے ہوتو جس کلمے کے نام پر اسے حاصل کیا گیا تھا۔ اس کلمے کی عظمت کے جھنڈے پاکستان کی فضاؤں میں لہرا دو اور الجھد یثو یاد رکھو نوجوان اس بات کو اپنے دل پہ مرتسم کریں کہ اس پاکستان کو بنایا بھی تم نے ہے اور اس کی حفاظت بھی تمہارے ذمے ہے۔ آؤ آج ہم یہ عہد کریں کہ ان شاء اللہ خدا کے فضل وکرم سے:

خون دل دے کے نکھاریں گے رخ برگ گلاب
ہم نے گلشن کے تحفظ کی قسم کھائی ہے
اور اللہ کی توفیق سے

ہم ہیں ارض پاکستان کے ذروں کی حرمت کے امیں
ہم ہیں حرف لاالہ کے ترجمان بے خطر

☆☆☆☆☆

## اظہار تعزیت

گذشتہ دنوں جماعت کے فعال اور مخلص کارکن ماسٹر محمد نصر اللہ ورک آف لدھیوالہ ورکاں ضلع شیخوپورہ کے والد محترم انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم انتہائی صالح ،متقی اور پرہیز گار انسان تھے۔ جماعتی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ۔

ادارہ ترجمان الحدیث ، ماسٹر صاحب و دیگر لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صبر کی توفیق فرمائے اور مرحوم کو جنت میں اعلیٰ مقام نصیب کرے۔ آمین۔

ادارہ ترجمان الحدیث جامعہ سلفیہ فیصل آباد


اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

**مجلہ ترجمان الحدیث**

میں اشتہارات دیجئے

انتہائی معقول ریٹ ......بہترین سرکولیشن

| | |
|---|---|
| بیک ٹائٹل | 5000روپے |
| بیک ٹائٹل اندرون | 4000روپے |
| فل صفحہ عام | 3000روپے |
| نصف صفحہ عام | 1500روپے |
| چوتھائی صفحہ عام | 800روپے |
| عام چھوٹے اشتہارات | 500روپے |

رابطہ کیلئے: مینجر مجلہ "ترجمان الحدیث"
جامعہ سلفیہ فیصل آباد
فون نمبرز: 041-780274-780374




© rasailojaraid.com